Allied Bank

A-0293691

**CORPORATE AFFAIRS GROUP**

HO/CAG/RAU/2026/18
April 24, 2026

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi**

Subject: **Notices regarding Declaration of 1st Interim Cash Dividend (D-67) for the year ending December 31, 2026 and Closure of Share Transfer Books of Allied Bank Limited – (Prior to Publication)**

Dear Sir,

In compliance with Regulation No. 5.6.9(b) of PSX Rule Book, please find enclosed herewith text of the Notices (English & Urdu) on the subject matter, to be published in Daily Business Recorder & Nawa-i-Waqt (combined editions; Karachi, Lahore & Islamabad) on Monday, April 27, 2026.

Yours Sincerely,

**Adeel Javaid**
Company Secretary &
Chief Corporate Affairs Group

Encl: As above

AlliedBank www.abl.com

# DECLARATION OF 1st INTERIM CASH DIVIDEND (D-67) FOR THE YEAR ENDING DECEMBER 31, 2026 AND CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS

The shareholders are hereby notified that the Board of Directors of Allied Bank Limited, in their meeting held on April 21, 2026, have declared 1st Interim Cash Dividend for the year ending December 31, 2026 @ 40% i.e., Rs. 4.00 per share. To determine the entitlement, Share Transfer Books would remain closed from **May 04, 2026 to May 06, 2026** (both days inclusive). Shares Transfer requests received till close of business on **April 30, 2026** will be treated in time for determining entitlement to the transferees. The shareholders are requested to notify changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Share Registrar and Transfer Agent at the following address:

**CDC Share Registrar Services Limited, Head Office: CDC House, 99 - B, Block 'B', S.M.C.H.S.,**
**Main Shahrah-e-Faisal, Karachi 74400. Tel. Toll Free: 0800-23275 - PABX: 021 111 111 500**
**Email: info@cdcsrsl.com, Website: www.cdcsrsl.com**

**Mandatory Requirement for Provision of Registration Details, IBAN and Valid CNIC (withholding of dividend):**
In accordance with Section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 47 of the Companies Regulations, 2024, all physical shareholders are advised to provide their mandatory information such as CNIC number, address, email address, contact details (mobile / telephone number), International Bank Account Number (IBAN) etc., to Bank's Share Registrar at the above given address immediately to avoid any inconvenience in future.

Further, in compliance with the requirements of Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, the Bank has withheld dividend(s) of those shareholders who have not yet provided CNIC(s) along with correct and complete bank account details including valid IBAN of their own bank accounts.

In order to receive cash dividend(s) withheld by the Bank, shareholders are requested to contact Bank's Share Registrar or Participant / Investor Account Services of Central Depository Company of Pakistan Limited (as the case may be) along with legible copy of their respective valid CNIC (s) and provide their complete and correct bank account details including valid IBAN by filling the form available at the Bank's website link / QR code:

**https://www.abl.com/wp-content/uploads/2026/02/Bank-Mandate-Form.pdf**

**Deduction of Withholding Tax:**
Please note that withholding tax will be deducted based on the latest "Active Taxpayers List" (ATL) available at the FBR website as per the following rates:

1. Persons appearing in Active Taxpayers List (ATL): 15%
2. Persons not appearing in Active Taxpayers List (ATL): 30%

Further, in respect of joint shareholders, tax will be deducted as per their ratio/share (if any) intimated by the shareholder to the Bank's Share Registrar, otherwise their shareholding will be treated as equal.

**Requirement of Valid Tax Exemption Certificate for Claim of Exemption U/S 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:**
If the entity is available with valid exemption certificate issued u/s 159 of the Income Tax Ordinance, 2001 or has filed a petition against the FBR for acquiring exemption certificate, in any relevant court, a copy of valid exemption certificate or certified true copy of the Stay Order of Honorable Court along with latest court proceedings (if any) would be required latest by April 30, 2026 in lieu of valid exemption certificate for non-deduction of withholding tax. In case of non-availability of valid tax exemption certificate or relevant court order, tax under the relevant sections shall be deducted accordingly.

**Deposit / Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form:**
The Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its letter No. CSD / ED / Misc. / 2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised listed companies to adhere with the provisions of the Section 72 of the Companies Act, 2017 (the "Act") requiring all companies to replace shares issued by them in Physical Form with shares into Book - Entry Form from the date notified by the SECP but not exceeding four years from the date of the promulgation of the Act. Therefore, the Shareholders having physical shareholding are requested to open Investor Account directly with Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") or CDC sub-account with any of the brokers to place their physical shares into book-entry form. It would facilitate the shareholders in many ways including safe custody of shares, no loss of shares, avoidance of formalities required for the issuance of duplicate shares and readily availability for sale / purchase in stock market at better rates.

The Shareholders may contact the Share Registrar and Transfer Agent of the Bank i.e., CDC Share Registrar Services Ltd., (address given above) for the conversion of Physical shares into Book - Entry Form.

**Claiming of Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates:**
In compliance with Section 244 of the Companies Act 2017, the Bank has already requested through individual letters to shareholders who have not yet claimed their outstanding cash dividends, right and bonus shares. Details available at following link / QR code:

**www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividends-and-tfcs/**

Shareholders are once again requested to lodge their claims for cash dividends, right / bonus shares kept with the Share Registrar of the Bank, on the address given above.

**Registration on CDC's e-Services Web Portal:**
Central Depository Company (CDC) of Pakistan Limited has developed Centralized Cash Dividend Register (CCDR), an e-Services web portal which contains details pertaining to cash dividend paid, unpaid or withheld by listed companies. The CCDR will help to maintain history of dividends paid to shareholders by listed companies and access of all such information will be provided to the respective shareholders. The web portal will facilitate shareholders of listed companies in retrieving details of cash dividends from centralized register and using the same for their record purposes. Shareholders may access CCDR via **https://csp.cdcaccess.com.pk/**

In addition to the above, the Dividend / Zakat & Tax Deduction Report can also be obtained directly from Participants (Stock Brokers), which has been provided to them on their CDS terminals. Moreover, shareholders may also receive a copy of this report on their provided email addresses.

**Lahore**
**Dated: April 27, 2026**

**Adeel Javaid**
**Company Secretary**

پیر، 27 اپریل، 2026 کو روزنامہ نوائے وقت (مشترکہ ایڈیشنز؛ کراچی، لاہور اور اسلام آباد) میں شائع ہوگا

Allied Bank

www.abl.com

# اطلاع برائے پہلے عبوری نقد منافع منقسمہ (D-67) برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2026 اور حصص منتقلی کتب کی بندش

حصص یافتگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 21 اپریل، 2026 میں برائے سال مختتمہ 31 دسمبر، 2026 کے لیے پہلے عبوری نقد منافع منقسمہ بشرح 40 فیصد یعنی 4.00 روپے فی شیئر کا اعلان کیا ہے۔ بینک کی حصص منتقلی کی کتب **04 مئی، 2026 سے 06 مئی، 2026** (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ حصص منتقلی کی جو درخواستیں بینک کے شیئر رجسٹرار کو **30 اپریل، 2026** کے کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہوں گی انہیں مذکورہ بالا نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔ بینک کے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی (اگر کوئی ہو) کے بارے میں درج ذیل پتہ پر بینک کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

**CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ ہیڈ آفس، CDC ہاؤس، 99۔بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی 74400۔**

**ٹول فری نمبر: 0800-23275 - PABX: 021 111 111 500 ای میل: info@cdcsrsl.com ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com**

## لازمی معلومات/رجسٹریشن تفصیلات بمعہ IBAN اور مؤثر شناختی کارڈ (CNIC) کا مہیا کرنا۔ (منافع منقسمہ کی عدم ادائیگی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کی ریگولیشن 47 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اپنی ضروری معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، پتہ، ای میل، موبائل/ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، (درج بالا پتہ پر) بینک کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم کریں تاکہ مستقبل میں کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچا جا سکے۔

مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے بینک ان حصص داران کو منافع منقسمہ ادا نہیں کر سکتا جنہوں نے ابھی تک اپنے شناختی کارڈ اور بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم نہیں کی ہیں۔

بینک کے پاس روکے گئے نقد منافع منقسمہ کی وصولی کی غرض سے حصص داران سے درخواست ہے کہ بینک کے شیئر رجسٹرار کو یا پارٹیسیپینٹ/سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان کی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (جیسی بھی صورت ہو) کو اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی واضح کاپی اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی درست اور مکمل تفصیلات بشمول کارآمد IBAN فراہم کریں۔ اس کے لئے بینک کی ویب سائٹ لنک/کیو آر کوڈ پر دستیاب فارم کو پُر کر کے ارسال کریں۔

https://www.abl.com/wp-content/uploads/2026/02/Bank-Mandate-Form.pdf

## ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ ودہولڈنگ ٹیکس FBR کی ویب سائٹ پر موجود تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL)" کے مطابق منہا ہوگا، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

**1) افراد جن کے نام "ATL" میں شامل ہونگے: 15 فیصد 2) افراد جن کے نام "ATL" میں شامل نہیں ہونگے: 30 فیصد**

مزید برآں جوائنٹ حصص داران کی صورت میں ٹیکس کٹوتی حصص داران کی علیحدہ علیحدہ فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی بصورت دیگر انکے حصص پر کٹوتی برابری کی بنیاد پر ہوگی۔

## قابلِ تسلیم ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ضرورت برائے دعویٰ استثنیٰ U/S150 انکم ٹیکس آرڈیننس 2001:

انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق نمبر 159 کے تحت اگر کسی کے پاس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ ہے یا اس نے متعلقہ عدالت میں استثنیٰ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے ایف بی آر کے خلاف دعویٰ دائر کر رکھا ہے تو ایسی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کے لیے مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا معزز عدالت سے حاصل کیے گئے حکمِ امتناعی کی مصدقہ کاپی 30 اپریل، 2026 تک مہیا کرنا ہوگی۔ مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم کی عدم دستیابی کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی متعلقہ قانون کے مطابق کی جائے گی۔

## فزیکل شیئرز کا بک انٹری فارم میں تبادلہ:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے 26 مارچ 2021 کو اپنے مراسلہ نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 کے توسط سے لسٹڈ کمپنیز کو کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 کی دفعہ پر عمل پیرا ہونے کی ہدایات دی ہے جس کے تحت (SECP) کے رائج کیے گئے طریقہ کار اور مطلع شدہ تاریخ جو کہ اس ایکٹ کے جاری ہونے کی تاریخ سے چار سال سے زائد نہ ہو تمام لسٹڈ کمپنیز کو ان کے فزیکل فارم میں جاری شدہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ لہذا فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں یا کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس تبدیلی سے حصص یافتگان کو مختلف چیزوں مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کی گمشدگی سے بچاؤ، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کی کاروائی سے نجات اور بہتر نرخوں پر اسٹاک مارکیٹ میں باآسانی خرید و فروخت کی سہولیات میسر ہونگی۔ حصص یافتگان اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے (درج بالا پتہ پر) رابطہ کر سکتے ہیں۔

## غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس کا دعویٰ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں بینک نے پہلے ہی انفرادی طور پر بھیجے گئے خطوط کے ذریعے ان حصص یافتگان سے درخواست کی ہے جنھوں نے ابھی تک اپنے نقد منافع منقسمہ، رائٹ یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہیں کیا، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ/غیر ادا شدہ کیش ڈیویڈنڈ اور رائٹ یا بونس شیئرز جو کہ بینک کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس موجود ہیں کیلئے اپنا دعویٰ دائر کریں۔ تفصیلات اس لنک/کیو آر کوڈ پر دستیاب ہیں:

www.abl.com/ur/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividends-and-tfcs/

## CDC's e-Services ویب پورٹل پر اندراج:

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) نے مرکزی نقد منافع منقسمہ رجسٹر (CCDR) کیلئے e-Services ویب پورٹل بنایا ہے جس میں لسٹڈ کمپنیز کے منافع منقسمہ کی ادائیگی، غیر ادائیگی اور روک لئے گئے منافع منقسمہ کی تفصیلات مہیا کی جاتی ہیں۔ CCDR منافع جات کی تاریخی تفصیل بمع انکم ٹیکس/زکوٰۃ کٹوتی (اگر کوئی ہو) اور نقد رقم کی حصص داران کے اکاؤنٹ میں منتقلی کا ریکارڈ برقرار رکھنے میں حصص داران کا مددگار ہے۔ درج بالا سہولت حاصل کرنے کیلئے حصص داران خود کو CDC کے e-Services پورٹل پر رجسٹر کروائیں جس کا لنک مندرجہ ذیل ہے: https://csp.cdcaccess.com.pk/ ۔ اس کے علاوہ حصص داران منافع منقسمہ/زکوٰۃ اور ٹیکس کٹوتی کی رپورٹ اپنے پارٹیسپینٹس (سٹاک بروکرز) سے براہ راست حاصل کر سکتے ہیں جو کہ ان کے CDS ٹرمینل پر مہیا کر دی گئی ہے۔ مزید برآں اس رپورٹ کی کاپی حصص داران اپنے فراہم کردہ رجسٹرڈ email پر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

لاہور

بتاریخ: 27 اپریل، 2026

عدیل جاوید

کمپنی سیکرٹری